خطبات خواجہ شمس الدین عظیمی

ACD 30

Track - 1

71:00

''وقت کی اہمیت ضروری ہے''

... اعوذ باللہ

... بسم اللہ

... سورة الفاتحہ

جب سے یہ دنیا آدم سے پہلے بھی اور آدم کے بعد بھی اب انسان کی صورت اور
کمزوری اور مجبوری بن گئی ہے کہ وہ کسی ایسی ذات کو یا کسی ایسی
ہستی کو مانے جو بظاہر نظر تو نہیں آتی لیکن اس ہستی کا کنٹرول کچھ اس
طرح ہے کہ اس کو مانے بغیر اس کو تسلیم کئے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔
پیغمبروں کی تعلیمات میں اس ہستی کا ذکر نہایت شدو مد کے ساتھ کیا گیا ہے
اس بات کی ترغیب کی گئی کہ ایک ہی ہستی ہے جس کے قبضہء قدرت میں
حیات و ممات اور زندگی کی تمام ضرورتیں وابستہ ہیں۔ انسان اس طرح مجبور
محض ہے کہ اس کو اپنی کوئی حیثیت نظر نہیں آتی۔ پیغمبروں کی تعلیمات
میں.